سوال

حنفی مسلک اوراہلحدیث مسلک کون حق پر

جواب

حنفی مسلک اوراہلحدیث مسلک میں سے کون حق پرالسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ حنفی مسلک اوراہلحدیث مسلک میں سے کون حق پر ہے۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! بات مسلک کی نہیں، بلکہ ان کے اصولوں کی ہے۔ حنفی مسلک میں امام ابوحنیفہ کے قول کو ترجیح دینے کی کوشش کی جاتی ہے، حتی کہ بعض اوقات حدیث سے تعارض کی وجہ سے قول کو چھوڑنے کی بجائے حدیث کو کھینچتان کراس کے موافق بنانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ جبکہ اہل حدیث قرآن اور حدیث کو اصل اور معیار مانتے ہیں اور تمام ائمہ کے اقوال کو ان پر پرکھتے ہیں، اگر کسی کا قول قرآن وحدیث کے مطابق ہو تو قبول کرلیا جاتا ہے، ورنہ قرآن اور حدیث کو ہی ترجیح دی جاتی ہے۔ اس بنیادی فرق کو سامنے رکھ کر ہر ذی شعور آدمی یہ فیصلہ کرسکتا ہے کہ کون حق پر ہے اور کس کے اصول قرآن اور سنت کے موافق ہیں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی